بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مسلمان عورت کی میت کا چہرہ غیر مسلم عورت دیکھ سکتی ہے؟

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حضرت جی! عرض یہ ہے کہ جب کوئی مسلم عورت وفات کر جائے تو اس کا منہ کسی غیر مسلم عورت کو دکھانا جائز ہے یا نہیں؟

**سائل:** عبدالکریم، سندھ

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

غیر مسلم عورت کے سامنے جس طرح پردہ احتیاطاً ہے یعنی شرعی طور پر اس پر پابندی نہیں اسی طرح مسلمان میت عورت کے حق میں بھی یہی حکم ہے کہ شرعی طور پر غیر مسلم اسے دیکھ تو سکتی ہے لیکن احتیاط اسی میں ہے کہ کافرہ عورت کو مسلم عورت کا چہرہ نہ دکھایا جائے۔

**واللہ اعلم بالصواب**



**13-مارچ 2021ء**